:''ڈی لاسال برادران'' کے بین الاقوامی روابط بڑھ رہے ہیں۔

''ڈی لاسال برادران'' نے چالیس برس پہلے پاکستان میں اپنے تعلیمی وتبشیری کام کا آغاز کیا تھا۔ آج پاکستان میں کام کرنے والے ''ڈی لاسال برادران'' اور اُن کی غیر ملکی برادر تنظیموں کے درمیان روابط بڑھ رہے ہیں۔ ''ڈی لاسال برادران'' کی برادری جو ''مسیحی مدارس کے برادران (Brothers of the Christian Schools) کے نام سے بھی موسوم ہے، سترہویں صدی میں سینٹ جان بپٹسٹ ڈی لاسال نے فرانس میں منظّم کی تھی۔ پاکستان میں برادری کی داغ بیل سری لنکا کے برادران نے ڈالی تھی۔ جو افراد اِس تنظیم سے وابستہ ہوتے ہیں، اُنہیں تربیت کے لیے سری لنکا بھیجا جاتا تھا۔ پہلے ملائشیا اور سنگاپور کے ''ڈی لاسال برادران'' کے ساتھ پاکستانی برادری کے روابط قائم ہوئے اور اب شمالی امریکہ اور یورپ کے ''ڈی لاسال برادران'' کے ساتھ روابط استوار ہوگئے ہیں۔

پاکستان کے ''ڈی لاسال برادران'' میں اب بھی سری لنکا سے تعلق رکھنے والوں کی اکثریت ہے۔ فیصل آباد اور لاہور اِن کی تعلیمی سرگرمیوں کے مراکز ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں ملائشیا، مالٹا اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ سے تعلق رکھنے والے برادران نے اپنی پاکستانی برادری میں شمولیت اختیار کی ہے۔ فیصل آباد، کراچی اور ملتان میں ''ڈی لاسال برادران'' پرائمری اور سیکنڈری اسکول چلا رہے ہیں۔ فیصل آباد کے قریب معروف مسیحی گاؤں خوشپور میں لڑکوں کا ایک ہوسٹل اور مسیحی منادوں کی تربیت کا ایک مرکز بھی اُن کی نگرانی میں کام کر رہا ہے۔

''ڈی لاسال برادران'' دُنیا کے ۸۱ ملکوں میں معاشرے کے غریب طبقوں کو تعلیمی سہولتیں مہیّا کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ (ملخّص از ''دی کرسچن وائس'' ۔ کراچی، ۱۶ مئی ۱۹۹۹ء)